ان کتب میں مل جائے۔ آپ مہربانی کر کے اپنے اثر و رسوخ کو اس مقصد کے لیے کام میں لائیں جس کے لیے میں آپ کا نہایت ممنون ہوں گا۔ اس کے علاوہ جو مقصد میرے زیرِ نظر ہے وہ قومی ہے انفرادی نہیں ہے۔

امید ہے آپ کا مزاج بخیر ہوگا۔ اس خط کے جواب کا انتظار رہے گا۔

مخلص محمد اقبال بیرسٹر لاہور[۴]

اس خط کے حاشیے پر مکتوب الیہ سراج الدین نے مندرجہ ذیل سطور لکھ کر مولوی سعید احمد کو یہ خط بھیجا۔

۸۶

مہربان و عنایت گستر جناب مولوی سعید احمد صاحب

السلام علیکم۔ جناب ڈاکٹر اقبال صاحب کا یہ خط ہے جو میرے پاس آیا تھا۔ حسب طلب آپ کی ارسال خدمت کر رہا ہوں۔

۳۰ نومبر ۱۹۳۰ سراج الدین غفرلہٗ از بہاولپور

— ۳ —

## مولانا ابوالکلام آزاد کا خط

کلکتہ

۸ ، ۳۹ء

حبی فی اللہ۔ معلوم ہوتا ہے آپ کی ڈاک کا انتظام درست نہیں ہے اور خطوط تلف ہوتے ہیں۔ یہاں سے متواتر دو خط آپ کے نام جا چکے ہیں۔ پہلا خط سکریٹری نے لکھا تھا، خط کی رسید اور میری علالت کی بنا پر اعتذار کہ جواب کے لیے کسی قدر توقف کیجیے۔ دوسرا میں نے لکھا تھا، غالباً

---

[۴] علامہ اقبال کے خط پر تاریخ درج نہیں۔ مکتوب الیہ جناب سراج الدین نے ۳۰ نومبر ۱۹۳۰ کو یہ خط ضروری کارروائی کے لیے ایک بزرگ مولوی سعید احمد کو بھیجا۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ علامہ نے یہ خط اکتوبر یا نومبر ۱۹۳۰ کو لکھا ہوگا۔

سی دن جس دن آپ کا پہلا تار ملا۔ تعجب ہے آپ لکھتے ہیں اس وقت تک آپ کو جواب نہیں ملا۔
ب یہ خط احتیاطاً رجسٹرڈ بھیجا جا رہا ہے۔

اللہ تعالیٰ آپ کے اس جذبۂ خدمتِ علم و دین کو اور زیادہ کرے۔ میرا مشورہ یہ ہے کہ آپ سرِ دست عربی کی طرف متوجہ ہو جائیں اور ضروری حد تک اس کی تکمیل کر لیں۔ اگر یہ خانہ خالی رہ گیا تو نقشہ ناقص رہے گا۔ آپ تھوڑے عرصہ کے اندر یہ منزل طے کر لے سکتے ہیں۔

میں نے آپ سے بعض امور دریافت بھی کیے تھے، پھر انھیں دہراتا ہوں۔ انگریزی میں آپ کی طبیعت کو ادب سے مناسبت ہوئی یا نہیں؟ انگریزی ادبیات کے ذوق و مطالعہ کا کیا حال ہے؟ ریزی میں تحریر و کتابت کی طرف طبیعت متوجہ رہی یا نہیں؟ کیا آپ دو چار مصنفوں کے نام لکھیں گے جن کے انشا و سلوب کتابت سے طبیعت خاص طور پر متاثر ہوئی ہے۔ ان امور سے تفصیل مطلع کیجیے۔ والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ابوالکلام کان اللہ لہ

---

مندرجہ بالا تینوں خطوط میں سے اس خط کے علاوہ کسی خط پر مکتوب الیہ کا پتا درج نہیں۔ اس خط پر اردو اور انگریزی میں مکتوب الیہ کا یہ پتا درج ہے

رجسٹرڈ

مولوی فضل محمد صاحب
معرفت مولوی فیض محمد صاحب
ڈسٹرکٹ جج
بہاول نگر (بہاولپور اسٹیٹ)

R 455
CIRCUS
CALCUTTA

M. Fazal mohammad sb
C/o M. Faiz Mohd sb.
Distt Judge
455/2014 Bahawal nagar
(Bhawalpur state